اردو میں اربعینات

تحقیق

محمد عالم مختار حق

کتب خانہ محمد عالم مختار حق لاہور

من حفظ علیٰ امتی اربعین حدیثابعثه الله یوم القیامة فقیها عالما

(الحدیث)

اردو میں اربعینات

تحقیق:

محمد عالم مختار حق

نام کتاب : اردو میں اربعینات

مصنف : محمد عالم مختار حق

باہتمام : محبوب عالم تھابل

ٹائیٹل : محمد طارق

اشاعت : اول

سال : ۱۴۳۰ھ/۲۰۰۹ء

تعداد : ۳۰۰

قیمت : دعائے خیر بحقِ مصنف، متعلقین ومعاونین

ملنے کے پتے: ۱۔ کتب خانہ محمد عالم مختار حق، شہاب ٹاؤن، ڈاک خانہ اعوان کالونی، بندروڈ، لاہور (فون: ۷۵۷۶۹۷۸؛ ۷۵۷۶۲۵۷)

۲۔ مکتبہ نبویہ، گنج بخش روڈ، لاہور

۳۔ بیکن بکس، غزنی سٹریٹ، اردو بازار، لاہور

۴۔ قادری رضوی کتب خانہ، گنج بخش روڈ، لاہور

۵۔ مکتبہ تعمیرِ انسانیت، غزنی سٹریٹ، اردو بازار، لاہور

۶۔ کتاب سرائے، الحمد مارکیٹ، غزنی سٹریٹ، اردو بازار، لاہور

انتساب

یہ نیازمند اپنی اس تحقیقی کاوش کو بصد عز و احترام فخر المشائخ

☆حضرت میاں جمیل احمد صاحب نقشبندی مجددی مدظلہ العالی☆

زیبِ سجادہ آستانۂ عالیہ حضرت میاں شیر محمد شرقپوری رحمہ اللہ کے

نام نامی واسم گرامی سے مُعَنوَن کرنے کی سعادت کا اعزاز و شرف

حاصل کرتا ہے کہ:

ہر زماں اندر تنش جانے دگر

ہر زماں او را چو حق شانے دگر

(اقبالؔ)

محمد عالم مختار حق

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
زینتِ سرلوحِ کتابِ کریم
(سید محمد کاظم حسینی کریم)

اردو میں اربعینات

حدیثِ نبوی: قال رسول اللہ ﷺ من حفظ علیٰ امتی اربعین حدیثا من امر دینھا بعثہ اللہ تعالیٰ یوم القیامۃ فی زمرۃ الفقھاء والعلماء۔

ترجمہ: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس شخص نے میری امت کے لیے چالیس حدیثیں دینی امور کے متعلق محفوظ کردیں (یادکرلیں) اللہ تعالیٰ اسے روزِ قیامت فقہاء اور علماء کے گروہ میں اٹھائے گا۔

''محفوظ'' ایک وسیع المعنی لفظ ہے جس کے متعلق شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا کاندھلوی اپنی کتاب ''تبلیغی نصاب'' میں مشمولہ رسالہ ''فضائلِ قرآن مجید'' میں بحوالہ علقمی (شیخ شمس الدین محمد بن علقمی) رقمطراز ہیں کہ: محفوظ کرنا شے کے منضبط کرنے اور ضائع ہونے سے حفاظت کا نام ہے چاہے بغیر لکھے بر زبان یاد کرلے یا لکھ کر محفوظ کرلے، اگرچہ یاد نہ ہو۔ پس اگر کوئی شخص کتاب میں لکھ کر دوسروں تک پہنچا دے، وہ بھی حدیث کی بشارت میں داخل ہوگا۔ مناوی (محمد بن عبدالرؤف بن تاج العارفین) کہتے ہیں، میری امت پر محفوظ کرلینے سے مراد ان کی طرف نقل کرنا ہے سند کے حوالے کے ساتھ اور بعض نے کہا ہے کہ مسلمانوں تک پہنچانا ہے اگرچہ وہ بر زبان یاد نہ ہوں، نہ ان کے معنی معلوم ہوں۔ اسی طرح چالیس حدیثیں بھی عام ہیں کہ سب صحیح ہوں یا حسن یا معمولی درجہ کی ضعیف، جن پر فضائل میں عمل کرنا جائز ہے۔

حدیث اربعین کے مختلف طرق:

مندرجہ بالا حدیث مختلف طرق سے مختلف الفاظ اور متنوع روایات کے ساتھ کتب

احادیث میں پائی جاتی ہے۔علامہ عبد الرحمٰن بن علی الشہیر بابن جوزی اپنی کتاب ''العلل المتناہیہ فی الا حادیث الواہیہ'' (جلد اول) کے باب ''ثواب من حفظ اربعین حدیثا'' میں ان روایات کوضبطِ تحریر میں لے آئے ہیں۔ہم اسی کتاب سے ان روایات کو بحذفِ اسناد اردو ترجمہ کے اضافہ کے ساتھ پیش کرنے کی سعادت حاصل کررہے ہیں۔

۱۔ من حفظ علیٰ امتی اربعین حدیثاینتفعون بها بعثه الله یوم القیامة فقیها عالما

(جس نے میری امت کو چالیس احادیث یاد کرائیں، جن سے وہ استفادہ کرتے ہیں، اس شخص کو قیامت کے روز اللہ تعالیٰ فقیہ اور عالم کی حالت میں اٹھائے گا)

۲۔ من حفظ علیٰ امتی اربعین حدیثا ینفعهم الله عزوجل بها۔ قیل له ادخل من ای ابواب الجنة شئت

(جس نے میری امت کو چالیس احادیث یاد کرائیں، جن کے ذریعے سے اللہ تعالیٰ ان کو نفع پہنچائے گا، اس شخص کو (قیامت کے روز) کہا جائے گا کہ جنت کے جس دروازے سے چاہو، داخل ہو جاؤ)

۳۔ من حفظ علیٰ امتی اربعین حدیثا من امر دینها بعثه الله یوم القیامة فقیها عالما

(جس شخص نے میری امت کو دین کے احکامات کے متعلق چالیس احادیث یاد کرائیں، اسے اللہ تعالیٰ قیامت کے دن فقیہ اور عالم کی حالت میں اٹھائے گا)

۴۔(طریقِ اول) من حفظ علیٰ امتی اربعین حدیثا من امر دینها بعثه الله فقیها و کنت له یوم القیامة شافعا و شهیدا

(جس شخص نے میری امت کو دین کے احکامات کے متعلق چالیس احادیث یاد کرائیں، اللہ تعالیٰ اس کو فقیہ اٹھائے گا اور میں (اللہ تعالیٰ) قیامت کے دن اس کی شفاعت کروں گا

اور گواہ بنوں گا)

۵۔(طریقِ ثانی) ایضًا

۶۔(طریقِ ثالث) ایضًا

۷۔من حفظ علیٰ امتی اربعین حدیثا مما ینفعھم اللہ بہ فی امر دینھم بعثہ اللہ عز وجل یوم القیامۃ فقیھا عالما و کنت لہ شفیعا وشھیدا

(جس شخص نے میری امت کو چالیس احادیث یاد کرائیں، جن کے ذریعے اللہ تعالیٰ انھیں دین کے احکامات میں نفع پہنچائے گا، اسے اللہ تعالیٰ قیامت کے روز فقیہ اور عالم کی حالت میں اٹھائے گا اور اس شخص کا شفاعت کنندہ اور گواہ بنوں گا)

۸۔ من حفظ علیٰ امتی اربعین حدیثا من سنتی ادخلتہ یوم القیامۃ فی شفاعتی

(جس شخص نے میری امت کو میری سنت سے متعلقہ چالیس احادیث یاد کرائیں، اسے میں ان لوگوں میں شامل فرماؤں گا جن کی قیامت کے روز میں شفاعت کروں گا)

۹۔من حفظ علیٰ امتی اربعین حدیثا ما ینفعھم من دینھم بعث یوم القیامۃ من العلماء وفضل العالم علی العابد ستین درجۃ اللہ اعلم مابین کل درجتین

(جس شخص نے میری امت کو چالیس احادیث یاد کرائیں، جو ان کو دین کے مسائل میں مفید ہوں، قیامت کے روز وہ علماء میں سے اٹھایا جائے گا اور عالم کی فضیلت عابد پر ساٹھ درجے زیادہ ہے۔ ہر دو مدارج کے درمیان فاصلے کو اللہ تعالیٰ بہتر جانتا ہے)

۱۰۔من تعلم علیٰ امتی اربعین حدیثا ینفعہ اللہ بھا فی دینھا کان فقیھا عالما

(جس نے میری امت کو چالیس احادیث کی تعلیم دی جن کے ذریعے اللہ تعالیٰ دین کے سلسلہ میں فائدہ پہنچائے گا تو یہ شخص فقیہ اور عالم کا درجہ رکھتا ہے)

۱۱۔من روی عنی اربعین حدیثا جاء فی زمرۃ العلماء یوم القیامۃ

(جس نے مجھ سے چالیس احادیث روایت کیں، وہ قیامت کے روز علماء کے زمرے میں آئے گا)

۱۲۔من حفظ علیٰ امتی اربعین حدیثا فیما ینوبھم وینفعھم فی امر دینھم حشرہ اللہ یوم القیامۃ فقیھا

(جس نے میری امت کو چالیس ایسی احادیث یاد کرائیں جن کے بارے میں وہ (یاد کرنے والے) خود دلچسپی رکھتے ہوں اور وہ (احادیث) ان کو دینی مسائل میں بھی فائدہ دیتی ہوں، اس شخص کو قیامت کے روز اللہ تعالیٰ فقیہ کی حالت میں اٹھائے گا)

۱۳۔(طریقِ اول) من حفظ علیٰ امتی اربعین حدیثا بعثہ اللہ یوم القیامۃ فقیھا عالما

(جس شخص نے میری امت کو چالیس احادیث یاد کرائیں، اسے اللہ تعالیٰ قیامت کے روز فقیہ اور عالم کی حالت میں اٹھائے گا)

۱۴۔(طریقِ ثانی) من حفظ علیٰ امتی اربعین حدیثا من السنۃ کنت لہ شفیعا یوم القیامۃ

(جس شخص نے میری امت کو سنت میں سے چالیس احادیث یاد کرائیں، قیامت کے روز اس کی شفاعت میں خود کروں گا)

۱۵۔(طریقِ ثالث) ایضًا

۱۶۔(طریقِ رابع) من حفظ علیٰ امتی اربعین حدیثا من امر دینھا بعثہ اللہ عزوجل یوم القیامۃ فقیھا عالما

(جس شخص نے میری امت کو دین کے احکامات کے متعلق چالیس احادیث یاد کرائیں،
قیامت کے روز اللہ تعالیٰ اسے فقیہ اور عالم کی حالت میں اٹھائے گا)

۱۷۔من حفظ علیٰ امتی اربعین حدیثا من السنۃ حتیٰ یؤدیھا الیھم
کنت لہ شفیعا وشھیدا یوم القیامۃ
(جس شخص نے میری امت کو سنت میں سے چالیس احادیث یاد کرائیں، یہاں تک
کہ ان کو یہ حدیثیں اچھی لگیں، اس شخص کی قیامت کے روز میں شفاعت کروں گا اور گواہ بنوں گا)

۱۸۔من نقل عنی الیٰ من لم یلحقنی من امتی اربعین حدیثا
کتب فی زمرۃ العلماء وحشر من جملۃ الشھداء
(جس نے مجھ سے چالیس احادیثِ مبارکہ اس شخص تک پہنچائیں جو میری امت
میں سے مجھ تک نہیں پہنچا، اس کا نام علماء کے گروہ میں لکھ دیا گیا اور (قیامت کے روز) شہداء کے
وفد میں سے اٹھایا جائے گا)

۱۹۔من کتب اربعین حدیثا رجاء ان یغفر اللہ لہ غفرلہ واعطاہ
ثواب الشھداء الذین قتلوابعبادان وعسقلان
(جس نے چالیس احادیث اس امید سے لکھیں کہ (ان کے ذریعے) اللہ تعالیٰ اس
کی بخشش فرمائے گا، اسے اللہ تعالیٰ بخش دے گا اور اسے ان شہداء جتنا ثواب دے گا، جو عبادان
(بصرہ کے جنوب میں ایک ساحلی شہر) اور عسقلان (فلسطین کا ایک ساحلی شہر) میں قتل کیے گئے)

۲۰۔من ترک اربعین حدیثا بعدموتہ فھو رفیقی فی الجنۃ
(جس نے اپنی وفات کے بعد چالیس احادیث چھوڑیں، وہ جنت میں میرا ساتھی ہوگا)

۲۱۔(طریق اول) من حفظ علی امتی اربعین حدیثا مما یحتاجون
الیہ من الحلال والحرام کتبہ اللہ فقیھا عالما
(جس نے میری امت کو چالیس احادیث یاد کرائیں، جن احادیث کی حلال حرام

کے لیے ان کو ضرورت ہوگی، اس کو اللہ تعالیٰ نے فقیہ اور عالم لکھ لیا)

۲۲۔(طریق ثانی)من حمل علیٰ امتی اربعین حدیثا بعثه الله عزوجل یوم القیامة فقیها عالما

(جس نے میری امت کو چالیس احادیث یاد کرائیں، قیامت کے روز اللہ تعالیٰ اُسے فقیہ اور عالم اٹھائے گا)

۲۳۔(طریق ثالث)من حفظ علیٰ امتی اربعین حدیثا من امر دینهم بعثه الله عزوجل یوم القیامة فقیها

(جس نے میری امت کو دین سے متعلقہ چالیس احادیث یاد کرائیں، قیامت کے روز اللہ تعالیٰ اسے فقیہ اٹھائے گا)

۲۴۔(طریق رابع)من حمل من امتی اربعین حدیثا لقی الله عزو جل فقیها عالما

(جس نے میری امت کو چالیس احادیث یاد کرائیں، (قیامت کے روز) وہ اللہ تعالیٰ سے فقیہ اور عالم بن کر ملے گا)

۲۵۔من حفظ علیٰ امتی اربعین حدیثا فی دینها حشر مع العلماء یوم القیامة

(جس نے میری امت کو چالیس احادیث یاد کرائیں، جو احادیث ان کے دین میں مددگار رہوں، اسے قیامت کے روز علماء کے ساتھ اٹھایا جائے گا)

اس فہرست میں مذکورہ احادیث کے علاوہ بھی یہ حدیث چند الفاظ کے ردوبدل کے بعد بعض مجامع میں مل جاتی ہے، جیسے:

۲۶۔من قرء اربعین حدیثا من امتی وحفظ سماه الله تعالیٰ فی الدنیا فقیها وفی السمٰوٰت ولیاو یحشره الله تعالیٰ مع الصالحین الذین لا

خوف علیھم ولا ھم یحزنون (اربعین مولوی جان محمد)

(جس نے میری امت میں سے چالیس احادیث پڑھیں اور یاد کیں، اس کا نام

اللہ تعالیٰ نے دنیا میں فقیہ رکھ دیا اور آسمانوں میں ولی رکھ دیا اور اللہ تعالیٰ اسے صالحین کے ساتھ

اٹھائے گا، وہ صالحین جن کو نہ کوئی خوف ہوگا اور نہ وہ غمگین ہوں گے)۔

۲۷۔من جمع اربعین حدیثا فھو فی العفو والغفران (المواعظ العصفوریہ)

(جس نے چالیس احادیث جمع کیں، وہ معافی اور بخشش میں ہوگا)

۲۸۔مضمونِ ہذا کی ابتدا میں نقل کردہ حدیث (اربعینِ جامی)

۲۹۔من حفظ علیٰ امتی اربعین حدیثا من السنۃ حتیٰ یودیھا الیھم

کما سمعھا (موسوعۃ اطراف الحدیث النبوی الشریف)

(جس نے میری امت کو چالیس احادیث سنت سے (متعلقہ) حفظ کرائیں، یہاں

تک کہ وہ ان احادیث کو جیسے سنا تھا اسی طرح ان تک پہنچا دے)

امام احمد نے اس مقبولِ عام روایت پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھا ہے کہ اس حدیث کا متن یعنی

اصل حدیث تو لوگوں میں مشہور ہے مگر اس کی اسناد صحیح نہیں۔ بعض اور ناقدینِ حدیث بھی اس باب میں امام

صاحب کے ہمنوا ہیں۔ لیکن امام نووی اپنی اربعین میں لکھتے ہیں کہ یہ حدیث اگرچہ ضعیف ہے لیکن اس کے

مختلف طرق موجود ہیں جن کی وجہ سے اسے قوت حاصل ہے اور فضائلِ اعمال میں حدیثِ ضعیف پر عمل

کرنے کا جواز جمہور علماء تسلیم کر چکے ہیں (اربعین سید محمد عبدالقادر سیفی)۔ چنانچہ اس حدیث میں

مذکور آنحضرت ﷺ کی بشارتِ عظمیٰ کے مستحق ہونے کی امید پر بہ مصداق:

بہانہ جو ہے خدائے کریم کی رحمت

چہل حدیث کا لکھنا اسے بہانہ ہوا

علمائے کرام، محدثینِ عظام، مجتہدین اور بزرگانِ دین اپنے اپنے مذاق کے مطابق اربعین (چہل حدیث)

کی تالیفات پر آمادہ ہوئے اور انھوں نے جدا جدا طریقے پر چالیس چالیس حدیثیں جمع کیں۔ ان میں سے

بعض ایسے ہیں جنھوں نے صرف توحید اور اثباتِ صفات باری تعالیٰ سے متعلق احادیث جمع کر دیں۔ بعض وہ ہیں جنھوں نے احادیثِ احکام کے ذکر کا قصد کیا۔ بعض نے فقط عبادات کو بیان کرنے والی احادیث پر اکتفا کیا جب کہ کچھ نے پندونصائح اور زہد کی حدیثوں کا انتخاب کیا۔ اسی طرح بعض نے شفاعتِ سید المرسلین ﷺ کے سلسلے کی احادیث منتخب کیں، جب کہ بعض طبائع نے فضائلِ درود شریف کی احادیث کی تخریج کی۔ بعض نے فضائلِ صحابہ کرام میں واردہ احادیث کو موضوع بنایا، جب کہ بعض نے متبرک شہروں کے فضائل کی احادیث کا انتخاب کیا۔ امام بیہقی (م ۴۵۸ھ) نے اخلاقیات سے متعلق چالیس احادیث جمع کیں جب کہ علامہ ابن البطال (م ۶۳۰ھ) نے صبح وشام کے اذکار مسنونہ کو اپنا موضوع بنایا۔ اسی طرح علامہ طبری (محب الدین احمد بن عبداللہ الطبری، م ۶۹۴ھ) نے حج سے متعلق چالیس احادیث کا انتخاب کیا اور علامہ ابوسعید احمد بن الطوسی نے مناقب الفقراء والصالحین کے عنوان کے تحت چالیس احادیث یکجا کیں۔

بعض جدت پسند طبائع نے فقط ان احادیث کی تخریج کی جن کی اسناد صحیح اور طعن سے پاک ہیں جب کہ بعض نے بلندترین اسناد کا قصد کیا اور بعض نے طویل المتن احادیث کی تخریج کو پسند کیا۔ پھر بعض علمائے سلف نے اربعین کے عدد سے غیر معمولی شغف کا اظہار کیا مثلاً علامہ ابی طاہر احمد بن محمد سلفی اصفہانی (م ۵۷۶ھ) نے چالیس حدیثیں چالیس شیوخ سے چالیس شہروں میں جمع کیں۔ اس کو اربعین بلدانیہ کہتے ہیں جب کہ حافظ ابن عساکر دمشقی (م ۵۷۱ھ) نے اس پر اور بھی جدت کی کہ روایت میں چالیس صحابیوں کا بھی التزام کیا یعنی اربعین من اربعین لاربعین فی اربعین عن اربعین۔ علامہ الہروی نے چالیس کتب سے اربعین تیار کی۔ پھر ان جامعین میں سے بعض نے ایک ہی اربعین مرتب کرنے پر اکتفا نہیں کیا بلکہ ایک سے زائد اربعینات کے مجموعے تیار کیے جیسے حافظ ابن عساکر (م ۵۷۱ھ) اور علامہ جلال الدین السیوطی (م ۹۱۱ھ) رحمہما اللہ تعالیٰ۔ اردو میں یہ شرف محمد عبد الوہاب عندلیب، مدیر ہفت روزہ ''الواعظ'' (حیدرآباد، دکن) کو حاصل ہوا جنھوں نے معلومہ شمار کے مطابق کم از کم (۷۸) اربعینات مختلف عنوانات پر اردو میں نظم کیں۔ دوسرے نمبر پر بدیع الدین شاہ راشدی کی چالیس اربعینات ہیں جب کہ

تیسرے نمبر پر مفتی محمد عاشق الٰہی بلند شہری ہیں جنھوں نے "جواہرالحدیث" کے نام سے پندرہ اربعینات، جومتنوع عنوانات کو احاطہ کرتی ہیں، جمع کیں۔ان سے کم مجموعوں والوں کے اسماء طوالت کے خوف سے نظرانداز کردیے گئے ہیں البتہ انھیں آسانی سے فہرست میں تلاش کیا جاسکتا ہے۔

اب آیئے آغاز کی طرف:

اربعین نویسی کا آغاز عربی سے ہوااور سب سے پہلی اربعین حضرت عبداللہ بن مبارک الحنظلی المروزی (م ۱۸۱ھ) نے تالیف کی اور پھر یہ سلسلہ چل نکلا۔اربعینات میں سب سے صحیح اور مشہور اربعین حضرت امام محی الدین یحییٰ بن شرف (امام نووی، م: ۶۷۶ھ) کی ہے۔اس اربعین کو اہلِ علم نے وہ پذیرائی بخشی کہ اس کی متعدد شروح لکھی گئیں اور یہ شرف کسی دوسری اربعین کو حاصل نہ ہوا۔ایک اندازہ کے مطابق اس اربعین کی اب تک پچاس شرحیں عربی میں لکھی جا چکی ہیں۔فارسی اربعینات میں سب سے زیادہ مقبولیت مشہور صوفی شاعر مولانا عبدالرحمٰن جامیؔ کی اَربعین کے منظوم فارسی ترجمہ کو حاصل ہوئی۔

عبداللہ بن مبارک (۱۸۱ھ) سے لے کر تا حال (۱۴۳۰ھ) یعنی گزشتہ ۱۲۴۹ برسوں میں مذکورہ حدیث اربعین بلا مبالغہ سیکڑوں کتابوں کی تدوین کا موجب بنی ہے اور یوں حدیثی لٹریچر میں گراں قدر اضافہ ہوا ہے۔اسلامی ادب کے کسی اور شعبہ میں اس قدر گہرا اثر رکھنے والی تالیفات موجود نہیں۔اس سلسلے میں ہم ذیل میں اربعینات کی تعداد کے بارے میں اہلِ علم سے منقول چند دلچسپ اعداد و شمار ترتیب وار پیش کرتے ہیں:

ا۔ پیر غلام دستگیر نامیؔ (م: ۱۹۶۱۔۱۲۔۱۶) اپنے دیباچہ اربعین جامیؔ، مطبوعہ اللہ والے کی قومی دکان منزلِ نقشبندیہ، لاہور (س۔ن) میں حضرت عبداللہ بن مبارک سے شاہ ولی اللہ (م: ۱۱۷۶ھ) تک اربعینات کی تعداد صرف (۹) بیان کرتے ہیں اور دسویں تالیف اپنی چہل حدیث "در مناقبِ صحابہ کرام" کو قرار دیتے ہیں۔

ب۔ نواب محمد صدیق حسن خاں صاحب نے "اتحاف النبلاء" میں نوے (۸۸ عربی + ۲ اردو) اربعینات کا تعارف کرایا ہے جس کے آخر میں اپنی مؤلفہ اربعین کا قدرے تفصیل سے ذکر کیا ہے۔

ج۔ ''اربعینِ جامی'' ادارہ اقامۃ الصلوٰۃ لوئر مال، لاہور کے مرتب جناب حافظ عبدالرشید ارشد مدیر ماہنامہ ''الرشید'' لاہور (م:۲۰۰۶۔۱۔۱۷) لکھتے ہیں کہ ''اس وقت دستیاب مجموعوں کی تعداد ایک صد سے متجاوز ہوگی''۔

د۔ امین اللہ وثیر صاحب اپنے مضمون ''عربی، فارسی اور ترکی ادبیات میں الاربعون'' میں بحوالہ ''الاربعون حدیثاً فی الادب الاسلامی'' از ڈاکٹر عبدالقادر قرہ خاں، عربی الاربعون کی تعداد (۲۵۲) بیان کرتے ہیں اور ساتھ ہی یہ بھی لکھا ہے کہ یہ تعداد حقیقی تعداد سے بہت کم ہے۔

ہ۔ حاجی خلیفہ (مصطفیٰ بن عبداللہ معروف بہ کاتب چلپی، م:۱۰۶۷ھ) نے ''کشف الظنون عن اسامی الکتب والفنون'' میں لکھا ہے: قد صنف العلماء فی ھذا الباب ما لا یحصی من المصنفات یعنی علماء نے اس باب میں اتنی تالیف کی ہیں جن کا شمار نہیں ہوسکتا۔ حاجی خلیفہ کا انتقال ۱۰۶۷ھ میں ہوا۔ اُس وقت اگر اربعینات حدِ شمار سے باہر تھیں، تو اِس وقت جب کہ اس پر مزید ۳۶۳ سال کا طویل عرصہ بیت چکا ہے، کون اندازہ لگا سکتا ہے کہ کتنے اور مجموعے اربعینات کے نقش پذیر ہو چکے ہوں گے:

چساں در شیشۂ ساعت کنم ریگِ بیاباں را

ایران میں حضرت علی اور اہلِ بیت کے اوصاف و مناقب کے بیان میں شیعہ علماء کی بے شمار تالیفات ملتی ہیں جب کہ ترکی میں تو یہ ایک عام رسم بن چکی تھی کہ ترکی زبان کا ہر بڑا شاعر اپنے زمانے میں بطور ادبی مذاق یا بحیثیتِ فریضہ الاربعون کی ترتیب و تدوین میں کچھ نہ کچھ حصہ ضرور لیتا اور اس طرح ایک قابلِ قدر ذخیرہ ترکی زبان میں جمع ہو گیا۔ بہر حال اس لحاظ سے پرکھا جائے تو حاجی خلیفہ کا بیان اقرب الی الصواب معلوم ہوتا ہے اور ہماری محدود نظر اس غیر محدود ذخیرے کا حصر کرنے سے قاصر ہے۔

جہاں تک اردو زبان کا تعلق ہے، یہ عربی، فارسی اور ترکی جیسی قدیم زبانوں کے اعتبار سے ابھی بالی عمر میں ہے، اس لیے اس میں اربعینات کی تالیفات اور تراجم کا احاطہ کرنا نسبتاً آسان ہے اور ہم نے اس رعایت سے فائدہ اٹھاتے ہوئے اپنے کام کے لیے اردو کی آسان راہ اختیار کی۔ اس موضوع پر لے دے کے صرف چھ مضامین تک رسائی ہوئی۔ ان میں سے پہلا مضمون ''اربعینات'' مولانا راغب جیلانی بدایونی

کا ہے جو ماہنامہ ''معارف'' اعظم گڑھ کے شمارہ فروری ۱۹۲۳ء میں شائع ہوا مگر اس میں صرف تمہیدی کلمات کے بعد مذہبِ امامیہ کے عالم علامہ بہاء الدین عاملی کی اربعین موسوم بہ ''کشکول'' پر بحث کی گئی ہے، جب کہ **دوسرا** مضمون ''عربی، فارسی اور ترکی ادبیات میں الاربعون'' امین اللہ وثیر صاحب کا ہے جو پنجاب یونیورسٹی لاہور کے جرنل آف ریسرچ (Humanities) کے شمارہ برائے جنوری ۱۹۶۷ء میں اشاعت پذیر ہوا۔ اس مضمون کے سب سے آخری حاشیہ نمبر (۷۶) میں برِ صغیر پاک و ہند میں اربعینات کے تحت چودہ (۱۴) اربعینات گنائی ہیں جن میں سے نو (۹) کا تعلق اردو سے ہے۔ سخاوت مرزا قادری صاحب کا اس سلسلے کا **تیسرا** مضمون ماہنامہ ''الولی'' حیدر آباد (سندھ) کے دو شماروں مارچ ۱۹۷۶ء و اپریل، مئی ۱۹۷۶ء میں شائع ہوا مگر وہ صرف ایک انفرادی کاوش از عبدالوہاب عندلیب کی اربعینات کا احاطہ کرتا ہے۔ **چوتھا** مضمون اربعین کے موضوع پر لکھے گئے 'کتابچے' کے عنوان سے شاہد حنیف صاحب کا مصنفہ ہے جو ماہنامہ 'محدث' لاہور بابت فروری ۲۰۰۸ء کے پرچہ میں شائع ہوا جس میں (۸۳) اربعینات کی نشاندہی کی گئی ہے۔ جب کہ **پانچواں** مضمون حافظ محمد عارف گھانچی صاحب نے سپردِ قلم کیا جس میں بعد از حذفِ مکررات (۲۳۲) اربعینات کے کوائف درج کیے گئے ہیں اور یہ مضمون بعنوان 'فہرست چہل حدیث' جامعہ خیر العلوم خیر پور ٹامیوالی ضلع بہاولپور کے رسالہ 'تحقیقاتِ حدیث' (کتابی سلسلہ نمبر:۱) برائے ستمبر ۲۰۰۸ء میں طبع ہوا۔ **چھٹا** پروفیسر ڈاکٹر محمد شفقت اللہ صاحب، بہاء الدین زکریا یونیورسٹی ملتان کا تحقیقی مقالہ 'برصغیر پاک و ہند میں علم حدیث کے متعلق منظوم سرمایہ' ہے جو برصغیر میں مطالعہ حدیث کے قومی سیمینار منعقدہ ۲۱ و ۲۲ اپریل ۲۰۰۳ء کو زیرِ ادارہ تحقیقات اسلامی بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی اسلام آباد میں پیش کیا گیا۔ اس میں انھوں نے اردو میں منظوم (۴۲) اربعینات کے کوائف بہم پہنچائے ہیں۔

اردو میں اس موضوع پر میرے محدود علم کی حد تک 'کماحقہ' کام نہیں ہوا، اس لیے اس میں بھی کافی کٹھنائیوں سے واسطہ پڑا مگر اپنے موضوع سے devotion (انتہائی خلوص) اور کام سے کام رکھنے کے جذبہ سے ''مشکلیں مجھ پر پڑیں اتنی کہ آساں ہوگئیں'' اور میں بحمد اللہ اردو میں (۵۷۰) اربعینات کے کوائف کی گرد آوری میں کامیاب ہوگیا۔ ان شاء اللہ العزیز یہ فہرست اس موضوع پر کام کرنے والے

ریسرچ اسکالرز کے لیے بنیادی ماخذ کا کام دے گی اور اس سے استفادہ ان کے لیے ناگزیر ہوگا۔

معاونین کرام کے بارے میں اظہاریہ :

راقم نے امین اللہ وثیر صاحب کے مضمون 'عربی، فارسی اور ترکی میں اربعینات' کے مطالعہ سے متاثر ہوکر 'اردو میں اربعینات' پر کام کا آغاز کیا جس پر ۴۳ سال کا طویل عرصہ گزر چکا۔ اس دوران جس گوشے سے بھی کسی مجموعہ اربعین کی اطلاع ملی، میں درجِ قرطاس کرتا رہا تا آنکہ اربعینات کی تعداد (۵۷۰) تک پہنچ گئی، فللہ الحمد۔ اس سلسلے میں جن احباب نے دستِ تعاون دراز فرمایا، ان کے لیے 'ہر مومرے بدن پہ زبانِ سپاس ہے'۔ ان میں سرِ فہرست برخوردار محبوب عالم تھابل کا نام ہے۔ وہ میرے 'بڑھے خود آ' کو قابلِ مطالعہ بنانے میں مسودہ کو مبیضہ کرنے کا فریضہ سرانجام دیتا رہا بلکہ کمپوزنگ کے کام میں بھی وہ کسی کا منت کش نہیں ہوا۔ اس پر میں اسے 'آفریں بر دست و بر بازوے او' ہی کہہ سکتا ہوں۔ مشہور دانشور، مورخ و سکالر مولانا محمد اسحٰق بھٹی صاحب نے نہ صرف خود امداد کی بلکہ احباب کو بھی تعاون پر آمادہ کیا۔ ان میں علی ارشد چودھری (م: ۲۰۰۹-۳-۶) مہتمم کتاب خانہ بیت الحکمت اقصیٰ ٹاؤن فیصل آباد خاص طور پر قابلِ ذکر ہیں۔ پیرزادہ اقبال احمد فاروقی (مدیر ماہنامہ 'جہانِ رضا' لاہور) چونکہ مکتبہ نبویہ کے مہتمم بھی ہیں، اس لیے ان کے پاس نئی اور پرانی جو اربعین بھی مکتبہ پر آئی، فوری طور پر بذریعہ ٹیلی فون اس کے کوائف سے مطلع کر دیتے۔ شاہد حنیف صاحب (اقبال اکادمی لاہور) ماہر اشاریہ ساز ہیں۔ اس حوالہ سے انھیں کئی رسالوں کے اشاریے بنانے کا اعزاز حاصل ہے۔ اشاریہ سازی کے دوران انھیں اربعین یا اربعینات پر کوئی مضمون نظر نواز ہوتا تو بعض اوقات ٹیلی فون پر یا خود تشریف لا کر ایسی معلومات فراہم کرتے رہے۔ حافظ احمد شاکر صاحب (مدیر ہفت روزہ 'الاعتصام' لاہور) نے تو اپنی سلفیہ لائبریری کے دروازے میرے لیے ہمیشہ وا رکھے۔ میں ان کا انتہائی احسان مند ہوں۔ راجا رشید محمود (مدیر ماہنامہ 'نعت' لاہور) بھی اربعینوں کی اطلاعات بذریعہ ٹیلی فون بہم پہنچاتے رہے۔ ڈاکٹر سفیر اختر صاحب (مدیر ششماہی 'نقطۂ نظر' اسلام آباد) تو 'چوں گوشِ روزہ دار بر اللہ اکبر است' کے مصداق اِدھر انھیں کسی اربعین کی اطلاع ملی، اُدھر انھوں نے قلم و قرطاس کا سہارا لیا اور معلومہ چہل حدیث کے کوائف لکھ بھیجے یا اس کی فوٹو سٹیٹ کاپی بھیج دی۔ ان کے لیے

دل سے دعا نکلتی ہے: کرم کردی الٰہی زندہ باشی۔ میں ان سب احباب کا دل کی گہرائی سے احسان مند ہوں۔ان اصحاب کے تعاون ہی سے میں اپنے مشن میں اس حد تک کامران ہو سکا۔اللہ تعالیٰ ان سب کو اس نیکی یاوری پر ہمیشہ توانا وسلامت باکرامت رکھے،آمین!

آخر میں خوانندگانِ گرامی سے پُرخلوص درخواست ہے کہ اس فہرست کے مطالعہ کے بعد، جو الفبائی ترتیب سے مرتب کی گئی ہے، اگر ان کے علم میں کوئی ایسی اربعین/ چہل حدیث ہو، جو یہاں مذکور نہیں ہوئی، تو ازرہِ کرم اس کے کوائف سے راقم کو آگاہ فرما کر ممنونیت ریز شکریہ کا موقع عطا فرمائیں تا کہ آپ کے تعاون سے تکمیل پانے والا آئندہ ایڈیشن بہتر صورت میں پیش کیا جا سکے کہ :

نقاش نقشِ ثانی بہتر کشد ز اول

محمد عالم مختار حق

شہاب ٹاؤن، ڈاک خانہ اعوان کالونی،

بند روڈ، لاہور۔۵۴۷۸۰

(فون:۷۵۷۶۹۷۸ ، ۷۵۷۶۲۵۷)

لاہور: رمضان ۱۴۳۰ھ/ستمبر ۲۰۰۹ء

فہرست اربعینات (اردو)

۱۔آسی،محمد حسین،علامہ،پروفیسر۔چہل احادیث مقدسہ متعلق نماز
مشمولہ''جناب رسول اللہ کی نماز''ازعلامہ مفتی شفقات احمد قادری
قادری رضوی کتب خانہ گنج بخش روڈ،لاہور۔۲۰۰۸ء

۲۔ابراہیم یوسف باوا۔فضائلِ چہل حدیث۔صدیقی ٹرسٹ،کراچی۔

۳۔ابن عبداللہ۔چہل حدیث۔مکتبہ رحیمیہ،کراچی۔۲۰۰۶ء

☆ابوالحسنات،مولانا۔دیکھیے:محمد احمد قادری،سید ابوالحسنات

۴۔ابوالخیر اسدی،علامہ۔نسیم الحدیث۔صدیقی ٹرسٹ،کراچی۔

۵۔ابوالعلامحمد محی الدین جہانگیر۔اربعین(تنظیم المدارس کے نصاب کے مطابق)
شبیر برادرز اردو بازار،لاہور۔۲۰۰۶ء

۶۔ابوالقاسم خالد العربی،مولانا۔اربعون حدیثا(متن مع اردو ترجمہ)۔نامی پریس لکھنؤ۔۱۹۸۰ء
(بحوالہ''اڑیسہ میں اردو''از حفیظ اللہ نیولپوری۔قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان
نئی دہلی۔۲۰۰۱ء)

۷۔ابوبکر غزنوی،سید،پروفیسر۔مسنون درود شریف کی چالیس حدیثیں
(''انعامات درود شریف''از رانا خلیل احمد)۔مرکزی مجلس رضا لاہور۔۱۴۱۳ھ

۸۔احسان اللہ قادری(بروایت عبدالرشید ارشد مدیر ماہنامہ'الرشید'لاہور)۔تحفۂ نفیس در بیان چہل
احادیث۔سید نفیس اکیڈمی کوٹ مراد خان،قصور۔

۹۔احمد الدین حنیف۔اربعین محمدی۔منڈی بہاءالدین۔۱۹۸۲ء

۱۰۔احمد رضا خان بریلوی،مولانا۔اربعین احادیث(التحبیر بباب التدبیر یعنی آرائش کلام مسئلہ
تدبیر کے بارے میں)

مشمولہ: فتاوٰی رضویہ (جلد ۲۹)۔ رضا فاؤنڈیشن جامعہ نظامیہ لاہور۔ ۲۰۰۵ء

۱۱۔ احمد رضا خان بریلوی، مولانا۔ اسماع الاربعین فی شفاعت سید المحبوبین

۱۔ نوری کتب خانہ بازار داتا گنج بخش، لاہور

۲۔ ادارہ غوثیہ رضویہ مصری شاہ، لاہور (ترتیب وتحشیہ: مولانا عبدالمبین نعمانی مصباحی)

۳۔ مجلسِ رضا (رجسٹرڈ) واہ کینٹ، لاہور۔ ۱۹۸۴ء

۴۔ رضا عرس کمیٹی، کھوڑی گارڈن، کراچی

۱۲۔۔ ایضاً۔۔ الزبدۃ الزکیہ تحریم سجود التحیہ (۱۳۳۷ھ)

مشمولہ العطایا النبویہ فی الفتاوی الرضویہ۔ جلد دہم۔ ادارہ تصنیفات امام احمد رضا،

کراچی۔ ۱۹۸۸ء

۱۳۔۔ ایضاً۔۔ ایذان الاجر فی اذان القبر (بعد از تدفین قبر پر اذان کہنے کے جواز میں)

مکتبہ نبویہ گنج بخش روڈ، لاہور

۱۴۔ احمد سعید دہلوی، حافظ۔ تحفۃ المحبین المعروف بہ رویت سید المرسلین (فضائلِ درود شریف)

بلالی پریس، دہلی۔ ۱۳۳۰ھ

۱۵۔۔ ایضاً۔۔ رسولِ کریم کی زیارت (بابِ اول چہل حدیث پر مشتمل ہے)۔ حمیدیہ پریس، دہلی

۱۶۔ احمد سعید، مولانا۔ تلاوت قرآن اور متعدد سورتوں کے فضائل پر احادیث۔ (قرآنی فہم نور علی نور)

۱۷۔ احمد علی صوفی، سید، شاہ۔ اربعین۔ اعظم سٹیم پریس، حیدر آباد۔ ۱۳۴۰ھ

۱۸۔ ارشاد الرحمن۔ اربعین نووی (ترجمہ وشرح)۔ دار التذکیر، لاہور۔ ۲۰۰۸ء

۱۹۔ اسد اللہ نظامی مصباحی فاضل اشرفیہ۔ تحفۃ الاربعین فی صلوۃ سید المرسلین (نماز مسنونہ)

جانباز اکیڈمی گلشن رضا جانباز چوک خانپورہ، بارہ مولا، کشمیر۔ ۲۰۰۴ء

۲۰۔ اشرف علی تھانوی، مولانا۔ چہل حدیث مشتمل بر صلوۃ وسلام

مشمولہ نشر الطیب فی ذکر النبی الحبیب (عکسی طبعت)۔ دار الاشاعت اردو بازار کراچی

۲۱۔اشرف علی تھانوی، مولانا۔حفظ الاربعین (صحیح مسلم کی چالیس احادیث کا مجموعہ)
اشرف العلوم دیوبند۔۱۳۶۷ھ

۲۲۔۔ایضًا۔۔چہل حدیث مترجم (عربی۔اردو)۔ادارہ اسلامیات، لاہور۔۱۴۰۴ھ/۱۹۸۴ء

۲۳۔اشفاق حسین قریشی۔چہل حدیث مشتمل بر صلوٰۃ وسلام
مشمولہ "احسن الوظائف"۔فرینڈز سنز (پرائیویٹ) لمیٹڈ کوٹ لکھپت لاہور۔ ۱۴۱۲ھ

۲۴۔اصغر حسین حسنی، حنفی، دیوبندی۔ارشاد النبی۔مکتبہ دار التبلیغ دیوبند

۲۵۔۔ایضًا۔۔سنتِ رسولؐ (منتخب ومختصر احادیث کا مجموعہ)

۲۶۔۔ایضًا۔۔چہلِ حدیث رسول عربی (سبق آموز احادیث کا مجموعہ)
۱۔فخر المطابع لکھنو۔۱۳۲۸ھ
۲۔الفرقان بک ڈپو، لکھنؤ۔۱۹۹۲ء

۲۷۔اصغر علی شاہ۔چالیس احادیثِ مصطفیٰؐ۔مرکزی تنظیم تحفظِ مقامِ مصطفیٰ، لاہور

۲۸۔اقبال احمد اختر القادری۔انمول ہیرے (چہل احادیث)
مشمولہ: ماہنامہ "ضیائے حرم" لاہور۔جون ۲۰۰۸ء

۲۹۔اقبال احمد فاروقی، علامہ، پیرزادہ۔'الدر الثمین فی مبشرات النبی الامین' از شاہ ولی اللہ دہلوی کا اردو ترجمہ۔کتب خانہ علویہ رضویہ لائلپور۔۱۳۸۶ھ
(شاہ ولی اللہ اور ان کے بزرگوں سے متعلق رویائے صالحہ کی چالیس احادیث)

۳۰۔الٰہی بخش، مولوی، بڑاکری (م:۱۳۴۴ھ)۔ہدایۃ المسلمین شرح نجات المومنین فی حفظ الاربعین (ترغیب وتربیت وتہذیب نفس)۔نولکشور پریس، لاہور۔۱۳۲۰ھ

۳۱۔امام الدین رحمانی، کرمانی، مولوی۔اربعین رحمانی۔حبیب برادرز قصہ خوانی بازار، پشاور

۳۲۔امام غزالی۔اربعین فی اصول الدین (اردو ترجمہ)
۱۔اللہ والے کی قومی دکان، کشمیری بازار، لاہور
۲۔مطبع انوری، دہلی

۳۳۔امان علی احمد آبادی۔چہل حدیث (منظوم اردو ترجمہ)۔۱۹۵۳ء

۳۴۔امیر الدین مہر، مولانا۔اربعین نووی (ترجمہ وتشریح)

البدر پبلی کیشنز اردو بازار، لاہور۔۲۰۰۰ء

۳۵۔۔ایضاً۔۔رحمت ہی رحمت (اردو ترجمہ وتشریح الاربعون فی الشفقۃ والرحمۃ از شیخ عطاء اللہ کوریجہ)

اسلامک ریسرچ اکیڈمی، ڈی ۳۵، بلاک ۵، فیڈرل بی ایریا، کراچی۔۲۰۰۶ء

۳۶۔انتظام اللہ شہابی، اکبر آبادی۔کلماتِ طیبات (مختصر اخلاقی احادیث کا مجموعہ)

مطبع آگرہ اخبار، آگرہ۔۱۹۲۴ء

۳۷۔انوار الحق کا کاخیل، مولانا، سید۔انمول موتی

(مشاہیر علماء از ڈاکٹر قاری فیوض الرحمٰن۔فرنٹیئر پبلشنگ کمپنی، اردو بازار، لاہور)

۳۸۔۔ایضاً۔۔چہل حدیث مع ترجمہ وتشریح۔(بحوالہ مشاہیر علماء از ڈاکٹر قاری فیوض الرحمٰن)

۳۹۔انوار اللہ خان بہادر حیدر آبادی، مولانا۔ترجمہ چہل حدیث۔حیدر آباد دکن۔۱۳۰۴ھ

۴۰۔انور حسین نفیس رقم، سید (نفیس الحسینی)۔اربعین صلوٰۃ وسلام

دار النفائس کریم پارک، لاہور۔۱۹۹۹ء

۴۱۔انیس احمد ادریس پوری۔فضائلِ ارکانِ اسلام (چہل حدیث)۔مکتبہ خلیل، لاہور۔۱۴۱۶ھ

۴۲۔انیس احمد صدیقی، حکیم، مولوی۔اربعین نووی (اردو ترجمہ)

ادارہ اشاعتِ اسلام، پٹیالہ گراؤنڈ میکلوڈ روڈ، لاہور۔۱۹۶۴ء

۴۳۔اولاد حسن قنوجی۔راہِ جنت (شرح چہل حدیث)

۴۴۔بدر عالم میرٹھی، مولانا۔جواہر الحکم (تین حصے)

حاجی وحید الدین ٹرسٹ نیو ٹاؤن، کراچی۔۱۹۶۵ء

۴۵تا۸۴۔بدیع الدین شاہ راشدی، علامہ سید۔الاربعینات فی الدینیات

(اس کتاب میں چالیس ابواب ہیں اور ہر باب میں چالیس احادیث شامل ہیں)

مشمولہ پیر جھنڈا خاندان کی خدماتِ حدیث' از عبدالعزیز مہر یو

۸۵۔ بشیر احمد ملک۔ چالیس احادیث نبوی (بلامتن عربی)

کنز الایمان سوسائٹی، لاہور۔ ۱۹۸۸ء

۸۶۔ بنت الیاس احمد۔ چہل حدیث۔ اردو پبلشنگ ہاؤس الہ آباد۔ ۱۹۴۴ء

۸۷۔ بہاء الدین بن محمود۔ سورہ والضحیٰ الموسوم بہ مصباح العاشقین مع چہل حدیث (درفضائل درود شریف)۔ مطبع اسلامیہ، لاہور۔ ۱۹۱۱ء

۸۸۔ بیگم نسیم مدنی۔ چہل حدیث مدنی

ا۔ ماہنامہ ''دارالعلوم''، دارالعلوم دیوبند۔ مئی ۱۹۸۱ء

۲۔ صدیقی ٹرسٹ کراچی (جیبی سائز)

۸۹۔ تفضیل احمد ضیغم۔ اربعین (اختلافی مسائل)

☆ توکلی۔ دیکھیے نور بخش توکلی

۹۰۔ ثناء اللہ امرتسری، ابوالوفا، مولانا۔ اربعینِ ثنائیہ مع اردو ترجمہ و مختصر شرح۔ لیتھو آرٹ دہلی

۹۱۔ جانباز، محمد علی۔ اردو ترجمہ و شرح اربعینِ ابراہیمی از حافظ ابراہیم میر دارالبلاغ لاہور ۲۰۰۸ء

۹۲۔۔ ایضاً۔۔ اردو شرح اربعینِ ثنائی از قاضی ثناء اللہ۔ دارالبلاغ لاہور۔ ۲۰۰۸ء

۹۳۔ جاوید اقبال مظہری۔ محبوب کی باتیں (چالیس احادیث)۔ مظہری پبلی کیشنز کراچی۔ ۲۰۰۰ء

۹۴۔ جعفر صمدانی، ایڈووکیٹ لاہور ہائیکورٹ۔ الاربعین فی تبیان سید المرسلین

۹۵۔ جلیل الرحمٰن خان، حکیم، مولوی۔ چہل حدیث اردو مع اسناد

مشمولہ کتاب ''زیارتِ رسول''۔ کریمی پریس لاہور۔ ۱۹۲۱ء

۹۶۔ جمال الدین مدراسی، مولانا، مفتی۔ چہل حدیث۔ معدن فیض پریس، مدراس۔ ۱۲۸۱ھ

۹۷۔ جمال الدین، مولوی۔ حدیث اربعین مع حاشیہ تحفۃ المسلمین۔ ابوالعلائی پریس، آگرہ

۹۸۔ جمیل احمد تھانوی، مفتی۔ چہل حدیث۔

مشمولہ 'ہم تجارت کیسے کریں' از مصنف۔ مکتبہ رشیدیہ، کراچی

۹۹۔ چراغ دین۔ چہل حدیث ونودنہ نام (مترجم)۔ اسلامیہ سٹیم پریس لاہور۔۱۳۴۲ھ

۱۰۰۔ حبیب الرحمٰن حبیب، علامہ۔ اربعین الحبیب۔ اسوۂ حبیب پبلی کیشنز، ساہیوال۔۲۰۰۲ء

۱۰۱۔ حبیب الرحمٰن ضیاء، حافظ۔ سوانح عمری حضور نبی کریم ﷺ و چالیس حدیثیں

مدرسہ امامہ للبنات نزد مسجد نور گلشن راوی، لاہور

۱۰۲۔ حبیب اللہ مختار، مولانا، ڈاکٹر۔ آیت الکرسی کے فضائل (از شیخ یوسف بن عبداللہ)

مکتبہ الحبیب بنوری ٹاؤن، کراچی۔۱۹۹۴ء

۱۰۳۔۔ ایضاً۔۔ جنت کی چالیس راہیں (از شیخ سید علی)

دارالتصنیف جامعہ علوم اسلامیہ بنوری ٹاؤن، کراچی۔۱۹۸۸ء

۱۰۴۔۔ ایضاً۔۔ چالیس حدیثیں۔ دارالتصنیف جامعہ علوم اسلامیہ بنوری ٹاؤن، کراچی۔۱۹۸۹ء

۱۰۵۔ حسرت، احمد حسین۔ فوائد دارین (منظوم اردو ترجمہ)

۱۰۶۔ حسرت، عبدالقدیر۔ چہل حدیث (متعلق قرآن مجید)

۱۰۷۔ حسن عسکری۔ حدیث الرؤیا۔ دہلی۔

۱۰۸۔ حسن مصطفیٰ، قاضی۔ اربعین اعظم۔ معین دکن پریس، حیدرآباد۔۱۳۵۲ھ

۱۰۹۔ حسن نظامی، شمس العلماء، خواجہ۔ بچوں کی حدیثیں۔ نظام المشائخ، دہلی۔

۱۱۰۔ حضرت سرور میواتی۔ حقوق العباد، احادیثِ مطہرہ کے آئینے میں

الپائن انڈسٹریل کون، لاہور۔۱۴۱۶ھ/۱۹۹۶ء

۱۱۱۔ حفاظت حسین پھلواروی، حکیم۔ اربعین النوویہ۔ پھلواری شریف۔۱۲۸۲ھ

۱۱۲۔۔ ایضاً۔۔ رحمت المحدثین (محدث ابواللیث سمرقندی کی چہل احادیث کا ترجمہ)

مطبع نظامی، کانپور۔

۱۱۳۔۔ ایضاً۔۔ ظفر مبین۔ مطبع نظامی، کانپور۔۱۲۸۲ھ

۱۱۴۔ حفیظ اللہ ٹونکی اکبرآبادی تلمیذ حکیم برکات اللہ ٹونکی۔ چہل حدیث (ترجمہ)
ابوالعلائی اسٹیم پریس، آگرہ۔ ۱۹۳۴ء

۱۱۵۔ خرم علی، مولانا۔ چہل حدیث۔ حیدرآباد، دکن

۱۱۶۔ خرم مراد۔ چالیس احادیث۔ منشوراتِ منصورہ ، پاکستان۔ ۲۰۰۰ء

۱۱۷۔ خلیل الرحمن، حاجی (م ۱۹۷۶ء)۔ اربعین عن روایات امیرالمومنین علی رضی اللہ عنہ
ششماہی مجلہ التراث دارالعلوم بلتستان غواڑی، جنوری۔ جون ۲۰۰۱ء

۱۱۸۔ خیر شاہ حنفی نقشبندی، مجددی۔ تحفہ قدوسیہ المعروف بہ چہل حدیث۔ مطبع رضوی معسکر، بنگلور
(برائے ایصالِ ثواب خواجہ محمد عبدالقدوس متوفی ۱۹۲۱۔۱۱۔۱۴)

۱۱۹۔ خیری، حبیب البشر، علامہ۔ فضائل، رودشریف
مشمولہ اللہم صل علیٰ محمدٍ۔ دارالقرآن پبلشرز ممبئی۔ ۱۴۱۶ھ/۱۹۹۶ء

۱۲۰۔ ذوالفقار علی طاہر۔ اردو ترجمہ "الاربعین فی اثبات رفع الیدین" از علامہ سید بدیع الدین شاہ
راشدی۔ جمعیت اہلحدیث سندھ

۱۲۱۔ ۔ایضاً۔ ۔کتاب الاربعین فی اثبات الجہر بآمین۔ جمعیت اہلحدیث سندھ۔

۱۲۲۔ راسخ عرفانی۔ حسن کلام (منظوم اردو) مکتبہ نور، گوجرانوالہ۔

۱۲۳۔ راشدہ پروین۔ چہل حدیث شریفہ (جیبی سائز)۔ صدیقی ٹرسٹ، کراچی۔
(بچوں کے لیے نماز کے مسائل مع چالیس مسنونہ دعائیں)

۱۲۴۔ رفیع الدین مرادآبادی، مولانا۔ ترجمہ "عین العلم شرح اربعین نووی"

۱۲۵۔ رحم الٰہی، مولانا۔ اخلاقی چہل حدیث۔ الفرقان بک ڈپو لکھنؤ۔ ۱۹۹۲ء

۱۲۶۔ رخسانہ عثمانی۔ چہل حدیث۔ مکتبہ اکیڈمی، ڈی گراؤنڈ طارق سموسہ چوک فیصل آباد۔ ۲۰۰۱ء

۱۲۷۔ روح الامین، سید، قادری، رضوی۔ اربعین رضویہ
انجمن جاں نثارانِ مصطفیٰ، شورکوٹ چھاؤنی۔ ۱۹۸۹ء

۱۲۸۔روشن صدیقی۔اربعینِ جامی (منظوم اردو ترجمہ)
مشمولہ رسالہ ہمدرد صحت، کراچی۔جنوری ۱۹۶۶ء
[مع تراجم عبدالرحمٰن جامی (فارسی)، اطہر حسین (انگریزی)، وبنگلہ]
۱۲۹۔ریحانہ تبسم فاضلی۔روشنی کے سلسلے (منظوم ترجمہ اربعین بلامتن)
ناظم آباد، کراچی۔ستمبر ۱۹۹۴ء
۱۳۰۔زاہد محمود مولانا۔جواہرِ نبوی ﷺ۔ادارہ تالیفاتِ اشرفیہ، ملتان۔۱۴۲۳ھ
۱۳۱۔زبیر علیزئی، حافظ۔ہدیۃ المسلمین فی جمع الاربعین من صلوٰۃ خاتم النبیین
مکتبۃ السنۃ الدار السّلفیہ، کراچی۔۱۴۲۰ھ
(ابو یوسف محمد شریف کی ''اربعینِ حنفیہ'' کے جواب میں)
۱۳۲۔زہرہ عندلیب۔'حاکم اور اس کی ذمہ داریاں' از محمد عنایت اللہ انصاری کا ترجمہ
مشمولہ ''خاتونِ پاکستان'' کراچی۔اگست ۱۹۶۶ء
۱۳۳۔زین العابدین، مولانا۔شرح الاربعین من احادیث سید المرسلین
(مشاہیر علماء از ڈاکٹر قاری فیوض الرحمٰن)
۱۳۴۔ساجد القلم۔اربعین (جیبی سائز)۔فیصل آباد۔
۱۳۵تا۱۳۷۔سرفراز خاں صفدر، مولانا۔ثلاثہ اربعین سرفرازی۔کالراں کلاں، گجرات۔
۱۳۸۔سعید الدین دہلوی۔چالیس سبق۔انجمن ترقی اردو، جامع مسجد، دہلی۔۱۹۵۴ء
۱۳۹۔سعید الرحمٰن، قاضی۔چہل حدیث (اردو)۔مکتبہ علوم الاسلام، لاہور۔
۱۴۰۔سعید الزمان، حاجی، مولوی۔چہل حدیث (عقائد، عبادات، رد بدعات وغیرہ)
مطبع حیدری، بمبئی۔۱۲۹۴ھ
۱۴۱۔سعید اللہ۔قاضی۔چالیس احادیث (علم، تعلیم اور تعلم کے بارے میں)
صدیقی ٹرسٹ، کراچی

۱۴۲۔سعید مجتبیٰ سعیدی، پروفیسر۔چالیس احادیث (ترجمہ اربعین نووی)
(تحقیق وتخریج:ابوالحسن حافظ عبدالخالق)
۱۔فاروقی کتب خانہ، ملتان۔۱۹۹۰ء
۲۔دارالسلام۔

۱۴۳۔سلطان محمود سیفی۔مجموعہ چہل حدیث نبویہ (مع عربی متن)۔مدرسہ مفتاح العلوم، لائلپور

۱۴۴۔سید احمد نواسہ شاہ رفیع الدین۔اردو ترجمہ الدرالثمین (دوکالمی عربی اردو)
برحاشیہ مسلسلات مولانا اسحٰق۔خانقاہ کلیمی کلاں محل، دہلی
(شاہ ولی اللہ اوران کے بزرگوں سے متعلق رویائے صالحہ کی چالیس احادیث)

۱۴۵۔سیفؔ، ابوالقاسم بنارسی۔اربعین محمدی

۱۴۶۔سیماب اکبرآبادی، عاشق حسین، مولانا۔چہل حدیث۔''شاعر'' آگرہ۔۱۹۳۶ء

۱۴۷۔شاکرالقادری، سید۔جوامع الکلم۔چہل حدیث ماخوذ سبحۃ اللآلی۔منظوم اردو ترجمہ مع فارسی
کتب خانہ مقبول عام، اٹک۔۲۰۰۷ء
(احادیث میں سے ایسے اقوالِ رسول کو کشید کیا ہے جو صرف دو کلمات پر مشتمل ہیں)

۱۴۸۔شاہد جاوید خان۔چہل حدیث برائے دخل الجنۃ۔مرتب، کمالیہ۔

۱۴۹۔شاہ ولی اللہ۔گلشنِ وحدت (اردو ترجمہ چہل حدیث)

۱۵۰۔۔ایضاً۔۔احادیث الحبیب (اردو ترجمہ مع متن چہل حدیث)
اسلامیہ سٹیم پریس، لاہور۔۱۳۴۲ھ

۱۵۱۔شبیر علی چشتی۔چہل حدیث زوجین
رحیم پریس، حیدرآباد دکن۔

۱۵۲۔شرف الدین احمد خان، مولانا۔مخزنِ نجات (جامی کی چہل حدیث کا ترجمہ)
محلّہ کھاری کنواں، ریاست رامپور۔۱۹۲۹ء

۱۵۳۔ شریف احمد شرافت نوشاہی۔ چہل حدیث از شاہ ولی اللہ کا اردو ترجمہ
مشمولہ شریف التواریخ (جلد اول) از مصنف
ادارہ معارفِ نوشاہیہ ساہن پال، گجرات۔ ۱۹۷۹ء

۱۵۴۔ شریف احمد قادری۔ چہل حدیث مترجم۔ مکتبہ رشیدیہ قادری منزل پاکستان چوک،
کراچی۔ ۱۹۸۷ء

۱۵۵۔ شمس الہدیٰ خان مصباحی۔ برکاتِ درودوسلام (درودوسلام کے متعلق چالیس احادیث)
بزمِ عاشقانِ مصطفیٰ، فلیمنگ روڈ، لاہور۔ ۲۰۰۱ء

۱۵۶۔ شمیم قاسمی۔ چالیس مستند اور مقبول دعائیں۔ صدیقی ٹرسٹ، کراچی۔

۱۵۷۔ صاحب دل (ظہور الدین)۔ حدیثِ دلبر۔ ڈی۔۴، والٹن ائر پورٹ، لاہور۔ ۱۹۷۷ء

۱۵۸۔ صارم، عبدالصمد ابن قاضی ظہور الحسن ناظم سیوہاروی۔ اربعین اعظم
(مرویات امام اعظم، عربی مع اردو ترجمہ)۔ معین دکن پریس، حیدر آباد دکن۔

۱۵۹۔ صدر الدین صدر۔ اربعین حدیثا (منظوم اردو ترجمہ)۔ ماہنامہ 'آستانہ' دہلی۔ جنوری ۱۹۵۴ء

☆ صدیق حسن خان، نواب۔ دیکھیے محمد صدیق حسن خان، نواب

۱۶۰۔ صفدر حسین۔ غرائب البیان المعروف بہ اربعین (معانی واسرار احادیث) حیدر آباد دکن۔ ۱۳۰۷ھ

۱۶۱۔ صفی الرحمن مبارک پوری، مولانا۔ کتاب الاربعین للنووی (اردو ترجمہ مع مختصر تعلیق)
۱۹۶۹ء ('محدث' لاہور۔ دسمبر ۲۰۰۶ء)

۱۶۲۔ ضیاء الرحمن فاروقی۔ چالیس احادیث رسولؐ بر مناقبِ صحابہ
دارالمعارف ریلوے روڈ، فیصل آباد

۱۶۳۔ طارق۔ اربعین نووی (اردو ترجمہ)۔ طارق اکیڈمی، فیصل آباد۔ ۲۰۰۴ء

۱۶۴۔ طارق، عبدالرحمن۔ چہل حدیث۔ ملک سراج دین اینڈ سنز، لاہور۔ ۱۹۸۰ء

☆ طالب ہاشمی۔ دیکھیے محمد یونس طالب ہاشمی

☆ طاہرالقادری، پروفیسر۔ دیکھیے محمد طاہرالقادری، پروفیسر

۱۶۵۔ طاہر حسین ایڈووکیٹ، سید۔ اربعین حدیثاً فی امرالنکاح۔ صدیقی ٹرسٹ، کراچی

۱۶۶۔ ظفر احسن۔ رواۃ الامہات۔ دہلی۔ ۱۹۲۵ء

۱۶۷۔ ظفر اقبال۔ مختصر اربعین نووی (مترجمہ)۔ دارالاندلس، لاہور

☆ ظفر اقبال، ملک، پروفیسر۔ دیکھیے عبدالحفیظ چودھری

۱۶۸۔ ظفر اللہ خاں۔ چہل حدیث اور فضائلِ اعمال رمضان شریف

۱۶۹۔ ظفر اللہ خاں، مفتی۔ چہل حدیث در بارۂ نماز

۱۷۰۔ ایضاً۔ چہل حدیث نبوی در بارۂ علاج معالجہ

بحوالہ 'انوار علمائے اہلسنت سندھ' از صاحبزادہ سید زین العابدین شاہ راشدی، ایم اے

زاویہ پبلشرز دربار مارکیٹ، لاہور۔ ۲۰۰۶ء

۱۷۱۔ ظفر علی خان، مولانا۔ گنجِ شایگان (منظوم اردو ترجمہ اربعینِ جامی)

۱۔ روزنامہ 'زمیندار' لاہور۔ ۱۹۲۷۔ ۹۔ ۱۰

۲۔ اللہ والے کی قومی دکان، منزل نقشبندیہ، لاہور۔ ۱۹۵۵ء

۳۔ طور منزل، خواجہ دل محمد روڈ، لاہور۔ ۱۹۶۶ء

۴۔ ماہنامہ 'شمس الاسلام' بھیرہ۔ مئی و جون ۲۰۰۴ء

۵۔ صدیقی ٹرسٹ، کراچی

۶۔ مطبع مصطفائی، دہلی۔ ۱۹۳۵ء

۷۔ مرغوب بک ایجنسی، لاہور۔ ۱۳۳۶ھ

۱۷۲۔ ایضاً۔ اربعینِ جامی (منظوم اردو ترجمہ)۔ ادارہ اقامۃ الصلوٰۃ، لاہور۔

[مع تراجم عبدالرحمن جامی (فارسی منظوم)، ا طہر حسین (انگریزی)۔ جسٹس منیر احمد مغل

(رومن تلفظ)]

۱۷۳۔ ایضًا۔ اربعینِ جامی (منظوم اردو ترجمہ)۔ ادارہ اقامۃ الصلوٰۃ، لاہور
[مع تراجم عبدالرحمٰن جامی (فارسی منظوم)، محمد عابد بودلہ (انگریزی)، مفتی یوسف
بسم اللہ (گجراتی)]

۱۷۴۔ ظہور احمد الحسینی، حافظ۔ چہل حدیث مسائلِ نماز
مدرسہ عربیہ حنفیہ تعلیم الاسلام، حضرو (ضلع اٹک)۔

☆ ظہور الدین۔ دیکھیے صاحب دل

۱۷۵۔ ظہیر احمد ظہیری، سہسوانی، حافظ، حکیم، شاہ۔ ظہیر الاسلام فی فضائل الاحکام
میر امیر بخش اینڈ سنز تاجرانِ کتب کشمیری بازار، لاہور۔ ۱۳۴۴ھ
(احادیث کا یہ مجموعہ چالیس ابواب پر مشتمل ہونے پر شامل اربعینات کیا گیا ہے)

☆ عاشق الٰہی بلند شہری، مولانا۔ دیکھیے محمد عاشق الٰہی بلند شہری، مولانا

۱۷۶۔ عاصم عبداللہ، مفتی۔ گلدستہ چہل حدیث (اخلاق وتہذیب وتمدن کے متعلق)
مکتبہ جامعہ حمادیہ، کراچی۔ ۱۴۲۴ھ

۱۷۷۔ عبدالاحد، مولوی۔ ریاض الاربعین موسومہ بہ نجات المسلمین۔ نولکشور پریس لکھنو۔ ۱۹۲۳ء

۱۷۸۔ عبدالباقی، مولانا۔ چہل حدیث حقانی۔ موتمر المصنفین، اکوڑہ خٹک۔ ۱۴۲۷ھ

۱۷۹۔ عبدالحفیظ چودھری، پروفیسر وظفر اقبال، ملک پروفیسر۔ شرح اربعین نووی (ترجمہ وتخریج)
نعمانی کتب خانہ اردو بازار، لاہور۔ ۲۰۰۱ء

۱۸۰۔ عبدالحفیظ مکی، مولانا۔ چہل حدیث صلوٰۃ وسلام
خانقاہ چشتیہ صابریہ مکیہ، میرپور (آزاد کشمیر)۔

۱۸۱۔ عبدالحق الغزنوی۔ الاربعین۔ محمد عبداللہ امرتسری، لاہور۔

۱۸۲۔ عبدالحکیم، مفتی سکھروی۔ جوامع الکلم کی چہل حدیث۔ صدیقی ٹرسٹ، کراچی

☆ عبدالحلیم چشتی۔ دیکھیے محمد عبدالحلیم چشتی۔

۱۸۳۔عبدالحمید اٹاوی، حیدرآباد دکن۔اربعینِ سلیمانیہ۔اخبار اہلحدیث، امرتسر۔۱۲رنومبر ۱۹۲۰ء

۱۸۴۔۔ایضًا۔۔چہل حدیث درفضائلِ قرآن شریف۔اخبار اہلحدیث، امرتسر۔۱۲را کتوبر ۱۹۳۱ء

۱۸۵۔۔ایضًا۔۔اربعینِ حمیدیہ یعنی چہل حدیث مترجم (علوم الحدیث)

۱۸۶۔عبدالحمید قادری۔گلدستۂ چہل حدیث (مناقب، محاسن، محامد فضائل سیدہ فاطمۃ الزہراء)۔
مشمولہ الزہرا۔القلم پبلشرز، مین بلیوارڈ ڈیفنس روڈ لاہور۔۲۰۰۹ء

۱۸۷۔عبدالحئی فاروقی، خواجہ۔ابنِ ماجہ شریف سے منتخب چالیس حدیث۔فیروز سنز لاہور۔۱۹۷۲ء

۱۸۸۔۔ایضًا۔۔ابوداؤد شریف سے منتخب چالیس حدیث۔فیروز سنز لاہور۔۱۹۷۲ء

۱۸۹۔۔ایضًا۔۔بخاری شریف سے منتخب چالیس حدیث۔فیروز سنز لاہور۔۱۹۷۲ء

۱۹۰۔۔ایضًا۔۔ترمذی شریف سے منتخب چالیس حدیث۔فیروز سنز لاہور۔۱۹۷۲ء

۱۹۱۔۔ایضًا۔۔مسلم شریف سے منتخب چالیس حدیث۔فیروز سنز لاہور۔۱۹۷۲ء

۱۹۲۔۔ایضًا۔۔نسائی شریف سے منتخب چالیس حدیث۔فیروز سنز لاہور۔۱۹۷۲ء

۱۹۳۔۔ایضًا۔۔چہل حدیث (مشمولہ صحاح ستہ)۔فیروز سنز لاہور۔۱۹۷۲ء

۱۹۴۔۔ایضًا۔۔چالیس حدیثیں۔مکتبہ جامعہ ملیہ، دہلی۔۱۹۳۶ء۔
(بچوں کے لیے اخلاقی و معاشرتی حدیثوں کا مجموعہ)

۱۹۵۔عبدالحئی واعظ، مولوی۔انیس القاری شرح چہل حدیث صحیح بخاری۔محمودیہ، بنگلور۔۱۲۹۸ھ

۱۹۶۔عبدالخالق شاہ زریانی سہروردی، سید۔اربعینِ خالقیہ (بصورتِ کیلنڈر)
مرکزی جمعیت عالیہ سہروردیہ خالقیہ سنت نگر، لاہور۔

۱۹۷۔عبدالرحمن فاروقی۔چہل حدیث در دفاعِ صحابہ۔مجلسِ علمی تحقیق وتصنیف، لاہور۔۲۰۰۶ء

۱۹۸۔عبدالرحیم۔ارشاداتِ رسول۔دہلی۔

۱۹۹۔عبدالرحیم اشرف، مولانا، حکیم۔اربعینِ اشرف۔
مرتب: خالد اشرف۔طارق اکیڈمی، فیصل آباد۔۲۰۰۱ء

۲۱۳۔عبدالکریم اثری۔چالیس احادیث (رحمت سے مایوس مت ہو)۔بحوالہ: آئینہ کُتب اثری
انجمن اشاعت اسلام (رجسٹرڈ) ٹھٹھ عالیہ ضلع منڈی بہاء الدین، پاکستان۔

۲۱۴۔۔ایضًا۔۔چالیس احادیث (''وہ ہم میں سے نہیں'')۔بحوالہ: آئینہ کُتب اثری۔
انجمن اشاعت اسلام (رجسٹرڈ) ٹھٹھ عالیہ ضلع منڈی بہاء الدین، پاکستان۔

۲۱۵۔عبدالقدوس رومی، قاری۔ترجمہ چہل حدیث اور چہل حدیث درود۔فرید بک ڈپو، دہلی

۲۱۶۔عبدالقدوس صدیقی۔مختصر درود شریف۔فرید بک ڈپو، دہلی
ماخوذ از چہل حدیث مع چہل حدیث مشتمل بر صلوٰۃ وسلام وتذکرہ حلیہ مبارکہ

۲۱۷۔عبدالقیوم، مفتی، مولوی۔چہل حدیث از ملا علی قاری (اردو ترجمہ)۔بھوپال۔۱۲۷۱ھ

۲۱۸۔عبداللہ ابوالبرکات۔الاربعین فی تاکید اداء الصلوٰۃ الفریضۃ الجماعت فی المساجد
حیدرآباد دکن۔۱۳۳۷ء

۲۱۹۔۔ایضًا۔۔اربعین فی اسرار الصوم۔حیدرآباد دکن۔۱۳۳۷ھ

۲۲۰۔عبداللہ، سید۔چہلِ حدیث۔مطبع احمدی، ہگلی کلکتہ۔۱۲۵۴ھ۔مشمولہ 'تفسیر مقبول' از مصنف

۲۲۱۔عبداللہ شاہین، پروفیسر۔اربعینِ نبوی
۱۔شیخ جمیل اینڈ سنز غلہ منڈی، حافظ آباد۔
۲۔صدیقی ٹرسٹ، کراچی۔

۲۲۲۔عبدالماجد دریابادی، مولانا۔چہل حدیث ولی اللٰہی (اردو ترجمہ)
۱۔ماہنامہ ''الرحیم'' حیدرآباد سندھ۔مئی ۱۹۶۷ء
۲۔صدق جدید بک ایجنسی، لکھنو۔۱۹۶۷ء
۳۔الرحیم اکیڈمی، اعظم نگر لیاقت آباد، کراچی۔
۴۔صدیقی ٹرسٹ، کراچی۔
۵۔مقبول اکیڈمی چوک اردو بازار لاہور۔

۲۲۳۔عبدالماجد دریابادی، مولانا۔چالیس دعائیں (اسامہ مراد)۔ادارہ منشورات، لاہور

۲۲۴۔عبدالمجید سوہدروی۔اردو ترجمہ اربعینِ نووی

۲۲۵۔۔ایضًا۔۔حدیث کی پہلی کتاب۔مسلم پبلی کیشنز سوہدرہ، گوجرانوالہ۔۲۰۰۶

تخریج وتزئین: محمد ادریس فاروقی۔[مصنف نے دوسری، تیسری اور چوتھی کتاب میں

بالترتیب (۳۲)، (۳۲) اور (۳۳) احادیث کا انتخاب کیا ہے]

۲۲۶۔عبدالمصطفیٰ اعظمی۔نوادر الحدیث (ترجمہ وشرح)

ا۔نیشنل آرٹ پریس الہ آباد۔۱۳۹۴ھ

۲۔زاویہ پبلشرز دربار مارکیٹ، لاہور۔۲۰۰۶ء

۲۲۷۔عبدالمؤمن بنگش، مولانا۔تجارت رحمۃ للعلمین کی نظر میں (تجارت سے متعلق چہل حدیث)

مکتبہ عمر فاروق، کراچی۔۱۹۹۹ء

۲۲۸۔عبدالوحید فتح پوری، مولانا۔چہل حدیث (مشتمل برادعیہ) الفرقان بک ڈپو لکھنؤ۔۱۹۹۲ء

۲۲۹۔عرفان رشدی، مولانا۔جوامع الکلم وجواہر الحکم

شعبہ نشر واشاعت مجلس علمائے اسلام، لاہور۔۱۳۸۸ھ

۲۳۰۔۔ایضًا۔۔مہمات اصولِ دینِ اسلام بزبانِ ہادیِ اعظم (چہل احادیثِ نبوی)

شعبہ نشر واشاعت مجلس علمائے اسلام، لاہور۔۱۳۸۸ھ

۲۳۱۔عزیز احمد، مفتی، لاہوری۔چہل حدیث۔کتب خانہ غوثیہ رضویہ جھنگ بازار، لائلپور

۲۳۲۔عزیز الرحمٰن۔موسیقی کی حقیقت مع چالیس احادیث۔زوار اکیڈمی، کراچی۔۱۹۹۶ء

۲۳۳۔عزیز اللہ شاہ عزیز۔مقصد الابرار۔عمدۃ المطابع لکھنؤ

۲۳۴۔عزیز زبیدی، مولانا۔الہدیۃ الثمنیہ للمراۃ المسلمہ

ماہنامہ "ترجمان الحدیث" لاہور کے ۱۹۷۹ء کے دس شماروں میں بالاقساط شائع ہوئی۔

(مسلم خاتون کے لیے قیمتی ہدیہ۔اربعین محمد حسین دہلوی کا اردو ترجمہ)

۲۳۵۔عزیز زبیدی، مولانا۔اربعین ولی اللٰہی

ماہنامہ ''ترجمان الحدیث'' لاہور کے شماروں فروری مارچ ۱۹۷۷ء میں شائع ہوئی۔

(شاہ ولی اللہ کی جمع کردہ چالیس احادیث کا ترجمہ وتشریح)

۲۳۶۔۔ایضًا۔۔اربعین زبیدی۔ماہنامہ ''محدث'' لاہور۔جلد ۶ شمارہ ۱ تا ۷

(سیاسی مسائل کے حوالے سے چالیس احادیث کا ترجمہ وتشریح، اسلامی سربراہی کانفرنس کے پس منظر میں)

☆۔ایضًا۔۔نیز دیکھیے نذر احمد، حافظ۔

۲۳۷۔عزیز فیضانی، مرزا، داراپوری۔اربعین فیضانی مع منظوم اردو ترجمہ۔پیکو لمیٹڈ، لاہور

۲۳۸۔عطاءاللہ شہید، مولانا۔چالیس احادیث

(بحوالہ ''کاروانِ سلف'' از مولانا محمد اسحٰق بھٹی۔مکتبہ اسلامیہ، فیصل آباد۔۱۹۹۹ء)

۲۳۹۔علی احمد خاں وکیل اکبر آبادی۔مجموعہ حدیث۔مشمولہ ''شاعر'' آگرہ۔۱۹۳۶ء

۲۴۰۔علی حسن، میرزا ابن میرزا قاسم علی مشہدی۔چہل حدیث منظوم

آرمی پریس نکل روڈ، کراچی۔۱۳۷۵ھ

۲۴۱۔علی مرتضٰی، مولانا۔چہل حدیث در فضائلِ ذکر (بلا متن)

(مشمولہ ''خطباتِ معرفت'' از مصنف۔خانقاہ نقشبندیہ گدائی، ڈیرہ غازیخان)

۲۴۲۔علیم ناصری۔اربعینِ نووی (اردو ترجمہ منظوم) ہفت روزہ ''الاعتصام'' شیش محل روڈ، لاہور میں ۴ رجون ۲۰۰۴ء سے ۳۱ ردسمبر ۲۰۰۴ء تک بالاقساط شائع ہوئی۔

۲۴۳۔عمران حمید اشرفی، علامہ۔فضائلِ قرآن پر چالیس احادیثِ مبارکہ

روزنامہ ''جنگ'' لاہور۔۱۴ رمئی و ۲۱ رمئی ۲۰۰۴ء

۲۴۴۔عنایت احمد کاکوروی، مفتی۔فضائلِ درود وسلام۔حیدر آباد دکن۔۱۲۷۳ھ

(جزائر انڈیمان میں لکھی گئی)

۲۴۵۔عنایت اللہ اثری،مولانا۔القلادہ من اربعین حدیثا فی من خرج من ذنوبہ مثل یوم الولادہ

